قدوری درس نمبر ۵۲

چیزیں چار قسم پر ہیں مکیلات، موزونات، معدودات اور مذروعات۔ پھر معدودات اور مذروعات دو قسم پر ہیں متقاربہ و متفاوتہ (غیر متقاربہ)۔ تو کُل چیزیں چھ قسم کی ہوئیں۔ مکیلات، موزونات، معدودات متقاربہ، معدودات متفاوتہ، مذروعات متقاربہ اور مذروعات متفاوتہ۔ اب دو مقدمات یاد رکھئے۔

مقدمہ اولیٰ۔ جب لفظ "کُل" کی اضافت ایسی چیز کی طرف ہو جس کا منتہیٰ معلوم نہ ہو تو وہ ادنیٰ واقل کو شامل ہوگا یعنی ایک فرد کو عند ابی حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ۔

مقدمہ ثانیہ۔ ایک ہے اصل اور ایک ہے وصف۔ اصل اور عین کے مقابلے میں تو ثمن آتے ہیں مگر وصف کے مقابلے میں ثمن نہیں آتے۔ قلت و کثرت یعنی کیل و وزن اصل ہیں مکیلات و موزونات میں، جبکہ ذراع وصف ہے مذروعات میں کیونکہ ضابطہ ہے مایتعیّب بالتبعیض والتشقیص فالزیادة والنقصان فیہ وصفٌ وما لیس کذلك فالزیادة والنقصان فیہ أصل.

پھر یاد رکھئے ذراع کے دو اعتبار ہیں۔ ایک اعتبار سے یہ وصف ہے تو دوسرے اعتبار سے یہ اصل بھی ہے کیونکہ ذراع کے بڑھنے سے مذروع بھی بڑھتا ہے۔ معلوم ہوا ذراع میں اصل بننے کی صلاحیت بھی ہے اور یہ اصل کے قائم مقام بن جاتا ہے جب ہر ذراع کی قیمت ذکر کردی جائے۔ مقدمات ختم ہوئے۔

پھر یہ چیزیں بیچتے ہوئے کُل مقدار ذکر ہوگی یا نہیں، اسی طرح ہر پیمانے یا ہر فرد کی قیمت ذکر ہوگی یا نہیں۔ تو کُل چار صورتیں ہوئیں۔

اوّل۔ نہ تو کُل مقدار ذکر ہو اور نہ ہر پیمانے یا ہر فرد کی قیمت۔

دوّم۔ ہر پیمانے کی قیمت تو ذکر ہو مگر کُل مقدار ذکر نہ ہو۔

سوم۔ کُل مقدار تو ذکر ہو مگر ہر پیمانے کی قیمت ذکر نہ ہو۔

چہارم۔ کُل مقدار بھی ذکر ہو اور ہر پیمانے یا ہر فرد کی قیمت بھی ذکر ہو۔

ان میں سے پہلی صورت کا حکم متن میں والأعواض المشار إليها لا يحتاج إلى آخرہ میں بیان کردیا گیا ہے تو چیزیں چاہے مکیلات و موزونات کی قبیل سے ہوں یا کسی اور قبیل سے سب کا یہی حکم ہے۔ جبکہ باقی تین صورتوں کا حکم ذیل میں دیئے گئے نقشے سے معلوم کیا جاسکتا ہے۔

شے کی نوع	① ہر پیمانے یا ہر فرد کی قیمت ذکر کی جائے	② کُل مقدار ذکر کی جائے	③ دونوں کو ذکر کیا جائے یعنی کُل مقدار بھی اور ہر پیمانے کی قیمت بھی
مکیلات، موزونات، معدودات متقاربہ	صرف ایک فرد یا ایک پیمانے میں بیع صحیح ہوئی	مبیع برابر ہوگا ← صحیح؛ یا کم ← بقدر حصہ مع خیار؛ یا زیادہ ← الزائد للبائع	
معدودات متفاوتہ	بیع فاسد	برابر ← بیع صحیح؛ کم ← بیع فاسد؛ زیادہ ← بیع فاسد	برابر ← بیع صحیح؛ کم ← بقدر حصہ مع خیار؛ زیادہ ← بیع فاسد
مذروعات متفاوتہ	بیع فاسد	برابر ← بیع صحیح؛ کم ← بجملة الثمن مع خیار؛ زیادہ ← الزائد للمشتری بلاخیار للبائع	برابر ← بیع صحیح؛ کم ← بقدر حصہ مع خیار؛ زیادہ ← بقدر حصہ مع خیار
مذروعات متقاربہ	بیع ایک ذراع میں جائز ہوگی بشرطیکہ کپڑے سے ایک ذراع جدا کرنے سے اسے نقصان نہ پہنچتا ہو	برابر ← بیع صحیح؛ کم ← بجملة الثمن مع خیار؛ زیادہ ← الزائد للمشتری بلاخیار للبائع	برابر ← بیع صحیح؛ کم ← بقدر حصہ مع خیار؛ زیادہ ← بقدر حصہ مع خیار